سوال

(218) کیا ہم ایسے احمدی کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ایک شخص اپنے آپ کو احمدی کہلاتا ہے۔ اہل سنت کے عالموں کے پیچھے نماز پڑھ لیتا ہے۔ اور مرزا کو مسلمان اور مجدد مانتا ہے۔ یہ بھی کہتا ہے کہ مرزا نے اگر دعویٰ نبوت کیا ہے تو میں مرزا کو کافر سمجھوں گا۔ مگر مرزا نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا کیا ہم ایسے احمدی کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مرزا قادیان کو ان کے دعویٰ الہام اور مہدویت مسیحت میں سچا صادق القول جاننے والا انھیں کے حکم میں ہے۔ نبوت غیر نبوت کا جھگڑا نہیں۔ یہ تو ان دو فریقوں کا آپس میں جھگڑا ہے۔ ہمارے سامنے صرف یہ بات پش ہے کہ مرزا صاحب اپنے دعویٰ الہام میں سچے تھے یا نہیں۔ جو ان کو دعویٰ الہام میں سچا سمجھے وہ ان ہی جیسا ہے۔ لہذا وہ امام بانئے جانے کے لائق نہیں حدیث شریف میں آیا ہے۔ "اجعلوا ئمتکم خیارکم"

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01 ص395

محدث فتویٰ